مطبوعات

حکومت الٰہیہ :۔ مترجم رئیس احمد صاحب جعفری۔ شائع کردہ :۔ نفیس اکیڈمی عابد روڈ، حیدرآباد دکن۔ قیمت مجلد مع گرد پوش ۲ روپے ۴ آنے۔

یہ ترجمہ ہے جناب عبد الوہاب مصری کی کتاب "السیاسۃ الشرعیہ" کا۔ اس میں اسلام کے نظام سیاسی کے اہم گوشوں پر اجمالاً روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور متعدد نازک اختلافی مسائل کو چھیڑ کر سرسری بحث پر اکتفا کر لیا گیا ہے۔ یہ صورت اوسط درجہ کے مطالعہ کرنے والوں کے لیے مفید نہیں ہو سکتی۔

یہ بات بھی معلوم ہے کہ مصر کی مغرب زدہ فضا میں اسلامیات پر جو لٹریچر تیار ہوا ہے اس میں اسلام اور وقت کے رجحانات میں مصالحت کرانے کے لیے جو مواد بھرا جاتا رہا ہے، اس سے یہ کتاب بھی محروم نہیں رہی۔ البتہ اس کو نسبتاً کچھ کم حصہ ملا ہے۔

رسالہ الحسنات : زیر ادارت جناب ابو سلیم محمد عبد الحی صاحب۔ مقام اشاعت : دفتر رسالہ الحسنات رام پور (ریاست) یوپی۔ چندہ سالانہ ۳ روپے ۸ آنے۔

یہ رسالہ مسلمان عورتوں، لڑکیوں اور لڑکوں کو صالح ذہنی غذا مہیا کرنے کے لیے جاری کیا گیا ہے اور ایک مسلمان نے یہ جرأت کی ہے کہ اس فضاء اسلام ناشناس میں خالص اسلامی فکر و اخلاق کو نشر کرے۔

۴۸ صفحے کے پرچے میں آپ کو صرف یہی نہیں کہ عقائد اسلامی اور فلسفۂ قرآنی کے جواہر ریزے آسان زبان اور دلکش پیرائے میں ملیں گے۔ بلکہ اس کے ساتھ جدید تمدنی معلومات کا ایک ذخیرہ بھی ہر مہینے حاصل ہو سکے گا۔

آسان زبان میں لکھنا خود ایک مشکل کام ہے اور پھر عورتوں، اور بچوں کے لیے لکھنا تو اور بھی